# پیشے

**متشابہ الفاظ:** متشابہ الفاظ اُن الفاظ کو کہتے ہیں جو پڑھنے اور بولنے میں ایک جیسے لگتے ہیں، لیکن اِملا اور معنی کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔مثلاً: عَلَم (جھنڈا) اور اَلَم (دُکھ، غم)۔

ا۔ دیے گئے الفاظ کو ان کے دُرست معنی سے ملایئے۔

| | |
|---|---|
| عَلَم | تحفہ |
| اَلَم | ہمیشہ |
| نظر | ٹکڑا |
| نذر | جھنڈا |
| ابد | امیری |
| عبد | دُکھ |
| اثر | مکان، کوئی تعمیر |
| عصر | ایک سفید دھات |
| اِمارت | بندہ |
| عمارت | نگاہ |
| پارا | تاثیر |
| پارہ | ایک نماز کا نام |



OXFORD UNIVERSITY PRESS

۲۔ دی گئی خالی جگہیں دُرست متشابہ الفاظ سے پُر کیجیے۔

(ا) پاکستان کا ________________ سبز اور سفید رنگ کا ہے۔ (عَلَم، الم)

(ب) اُس کی آنکھوں میں ________________ صاف نظر آ رہا تھا۔ (عَلَم، الم)

(ج) میری ________________ کتاب پر ہے۔ (نظر، نذر)

(د) ماں نے بیٹے کی صحت کے لیے ________________ مانی۔ (نظر، نذر)

(ہ) اللہ تعالیٰ کی ذات ________________ تک باقی رہے گی۔ (ابد، عبد)

(و) ہم سب اللہ تعالیٰ کے ________________ ہیں۔ (ابد، عبد)

(ز) اچّھی باتوں کا دل پر گہرا ________________ ہوتا ہے۔ (اثر، عصر)

(ح) ہم نے مسجد میں ________________ کی نماز ادا کی۔ (اثر، عصر)

(ط) وزیر کی ________________ کا چرچا سارے شہر میں ہے۔ (عمارت، امارت)

(ی) اسکول کی نئی ________________ بہت خُوب صُورت ہے۔ (عمارت، امارت)

(ک) تھرمامیٹر میں ________________ استعمال ہوتا ہے۔ (پارا، پارہ)

(ل) میں نے آج قرآن مجید کا پہلا ________________ مکمل کیا۔ (پارا، پارہ)